بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، گوجرانوالہ



ٹینڈر دستاویزات

برائے خرید لفافہ جات

مالی سال 2026-27

فہرست

نمبر شمار	تفصیل	صفحہ نمبر
1	ٹینڈر نوٹس	1-2
2	ٹینڈر دہندگان کے لیے ہدایات	3
3	اشیاء کی تفصیل/تعداد وتصریحات	4-5
4	عمومی شرائط برائے ٹینڈر دہندگان	6
5	خصوصی شرائط برائے ٹینڈر دہندگان	7-8
6	فراہمی کے نظام الاوقات	9
7	تفصیل بابت شکایات اژالہ کمیٹی	10
8	ٹیکنیکل ایویلوایشن کا معیار اور بڈ ایویلوایشن کا طریقہ برائے کیٹیگری-I تا IV	11
9	ٹیکنیکل پروپوزل برائے کیٹیگری-I تا IV	12-13
10	فنانشل پروپوزل برائے کیٹیگری-I	14
11	فنانشل پروپوزل برائے کیٹیگری-II	15
12	فنانشل پروپوزل برائے کیٹیگری-III	16
13	فنانشل پروپوزل برائے کیٹیگری-IV	17
14	معاہدہ کا فارم	18

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن گوجرانوالہ

ٹینڈر نمبر: **3086** سٹورز

مورخہ: **29-10-2026**

ٹینڈر نوٹس

بورڈ ہذا کو درج ذیل تفصیل کے مطابق لفافہ جات کی خرید کے سلسلہ میں انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس کے تحت رجسٹرڈ فرموں/ ڈیلرز/ سٹاکسٹس/ ٹھیکیداران سے پنجاب E-Procurement سسٹم کے تحت ٹینڈر مطلوب ہیں۔

کیٹیگری I (بائیوڈی گریڈ ایبل لفافہ جات)

نمبر شمار	اقسام لفافہ	سائز لفافہ	تعداد	Estimated Price	Bid Security 5%
1	پولی تھین بائیوڈی گریڈ ایبل لفافہ بمعہ پرنٹنگ	14"x16"+2"	**1,10,000** عدد (50 ہزار سبز +60 ہزار سرخ)	52,06,300/- روپے	----------
2	پولی تھین بائیوڈی گریڈ ایبل لفافہ بمعہ پرنٹنگ	9"x11"+1½"	**45,000** عدد (20 ہزار سبز +23 ہزار سرخ +2 ہزار سیاہ)	13,72,500/- روپے	----------
3	پولی تھین بائیوڈی گریڈ ایبل لفافہ بمعہ پرنٹنگ	16"x20"+2"	**20,000** عدد (10500 سکائی بلیو +9500 اورنج)	7,26,600/- روپے	----------
4	پولی تھین بائیوڈی گریڈ ایبل لفافہ بمعہ پرنٹنگ	16½"x20½"+2½"	**11,000** عدد (5 ہزار سبز +6 ہزار سرخ)	3,99,630/- روپے	----------
		ٹوٹل		**77,05,030/-** روپے	**3,85,251/-** روپے

کیٹیگری II (لیمینیڈ لفافہ جات)

نمبر شمار	اقسام لفافہ	سائز لفافہ	تعداد	Estimated Price	Bid Security 5%
1	Laminated لفافہ سادہ سفید (خفیہ پریس)	10"x14½"+2½"	30,000 عدد	7,98,600/- روپے	----------
2	Laminated لفافہ سادہ خاکی (خفیہ پریس)	10"x14½"+2½"	50,000 عدد	11,27,500/- روپے	----------
3	Laminated خاکی بمعہ پرنٹنگ (AP)	11"x15"+2"	60,000 عدد	15,30,000/- روپے	----------
4	Laminated خاکی بمعہ پرنٹنگ (RP)	11"x15"+2"	1,00,000 عدد	25,17,000/- روپے	----------
5	Laminated خاکی بمعہ پرنٹنگ (ایوارڈ لسٹ)	7"x12"+2"	60,000 عدد	10,24,200/- روپے	----------
		ٹوٹل		**69,97,300/-** روپے	**3,49,865/-** روپے

کیٹیگری III (پولی تھین بیگ)

نمبر شمار	اقسام لفافہ	سائز لفافہ	تعداد	Estimated Price	Bid Security 5%
1	لفافہ پولی تھین بیگ (بمطابق دفتری نمونہ)	12"x19"+3"	6000 Kg	**49,99,980/-** روپے	**2,49,999/-** روپے

کیٹیگری IV (سادے لفافہ جات + کپڑے والے لفافہ جات)

نمبر شمار	اقسام لفافہ	سائز لفافہ	تعداد	Estimated Price	Bid Security 5%
1	درمیانہ لفافہ خاکی (خفیہ پریس)	8¼"x10½"+1½"	20,000 عدد	1,11,000/- روپے	----------
2	لفافہ سادہ خاکی بمعہ پرنٹنگ (کاؤنٹر فائل)	6"x12"+2"	5,000 عدد	25,600/- روپے	----------
3	سرٹیفکیٹ سائز خاکی بمعہ پرنٹنگ	10"x12"+1½"	2,00,000 عدد	13,04,000/- روپے	----------
4	لفافہ سادہ سفید (الف)	7¼"x10¼"+1½"	3,000 عدد	23,610/- روپے	----------
5	لنگوٹ والا سیاہ ململ والا سادہ سفید (ب)	8"x11½"+1½"	2,500 عدد	86,550/- روپے	----------
		ٹوٹل		**15,50,760/-** روپے	**77,538/-** روپے

-1 یہ ٹینڈر مورخہ **21-11-2026** بوقت **1:30 PM** تک بذریعہ پنجاب E-Procurement سسٹم کے تحت آن لائن موصول/submit ہو جانے چاہئیں۔ دستی/رجسٹرڈ ڈاک/کوریئر سروس کے ذریعہ موصول ہونے والے ٹینڈرز قابل قبول نہ ہوں گے۔

-2 یہ ٹینڈر اسی روز بوقت **2:00 PM** ٹینڈر دہندگان/ بااختیار نمائندگان جو بھی موجود ہونگے کی موجودگی میں آن لائن کھولے جائینگے۔

-3 ٹینڈر دہندگان کے لیے لازم ہے کہ وہ کیٹیگری وائز Estimated Price کے 5% کی بڈ سیکورٹی پنجاب E-Procurement سسٹم کے تحت مذکورہ پورٹل پر اَپ لوڈ/ پراسس کریں۔

-4 سیکرٹری بورڈ ہذا کو پنجاب پروکیورمنٹ قوانین 2014 کی شق نمبر 35 کے تحت یہ اختیار ہوگا کہ وہ تمام ٹینڈر مسترد کر دیں۔

-5 علاوہ ازیں خریداری پنجاب پروکیورمنٹ قوانین 2014 کی شق نمبر 38(a)2 کے تحت سنگل سٹیج۔ دو لفافہ جات طریقہ کار کے مطابق کی جائے گی۔

-6 ٹینڈر دستاویزات/فارم بورڈ ہذا کی ویب سائیٹ https://www.bisegrw.edu.pk یا PPRA کی ویب سائیٹ https://ppra.punjab.gov.pk سے مفت ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

-7 PPRA کی ویب سائٹ کا URL (**https://eproc.punjab.gov.pk/Admin_Tender_Search.aspx**) ہے اور ٹینڈر کا وقت (Response Time) بھی PPRA کی ویب سائٹ پر اشتہار کی اشاعت کی تاریخ سے شمار کیا جائے گا۔

سیکرٹری

ٹینڈر دھندگان کے لیے ھدایات

1- ٹینڈر دہندگان کے لیے لازم ہے کہ وہ کیٹیگری وائز Estimated Price کے 5% کی بِڈ سیکورٹی پنجاب E-Procurement سسٹم کے تحت مذکورہ پورٹل پر اَپ لوڈ/ پراسس کریں۔ٹینڈر ہذا کی مکمل دستاویزات ہر صورت ٹینڈر کی آخری تاریخ مورخہ **21-11-2026** کو بوقت **1:30PM** بجے تک پنجاب E-Procurement سسٹم کے تحت آن لائن موصول/submit ہو جانی چاہئیں۔

2- ٹیکنیکل پروپوزلز اسی روز بوقت 2:00 بجے گوجرانوالہ بورڈ لوہیانوالہ بائی پاس، گوجرانوالہ کے کانفرنس روم میں ٹینڈر دہندگان/نمائندگان (جو کہ موجود ہوں گے) کے روبرو کھولے جائیں گے۔

3- ٹینڈر دہندہ کو متعلقہ نمونہ جات دستی یا بذریعہ کوریئر جمع کروانا ہوں گے۔ٹینڈر دہندگان کی توجہ Technical Evaluation Criteria کی طرف دلائی جاتی ہے کہ اپنے ٹینڈر کو مطلوبہ ابتدائی دستاویزات کے مطابق درست (Responsive) بنائیں۔

4- ٹینڈر دہندہ کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ اس بات کا یقین کر لے کہ ٹینڈر پنجاب E-Procurement سسٹم پر اَپ لوڈ/submit کرنے سے قبل تمام عوامل کی چھان بین کر لی گئی ہے اور ان پر عمل درآمد کر لیا گیا ہے اور ٹینڈر دہندہ کی کسی بھی کوتاہی کی وجہ سے کسی قسم کے مالی دعوی کی ایڈجسٹمنٹ قابل قبول نہ ہوگی۔

5- دفتر ہذا نے ٹینڈر دہندہ بارے یہ بات تصور کر لی ہے کہ اس نے ٹینڈر ہذا کی شرائط وضوابط اور تصریحات، درستگی، معاہدہ اور قیمت/لاگت جو کہ ٹینڈر میں دی گئی ہے، کے بارے میں تمام تسلی واطمینان کر لیا ہے۔

6- یہ بات واضح طور پر سمجھ لینی چاہیے کہ شرائط اور تصریحات پر سختی سے عمل درآمد کیا جائے گا۔ بورڈ ہذا کی طرف سے مقدار میں اضافہ بارے طلب اور منظوری کے علاوہ معاہدہ کی تمام مدت کے دوران ماسوائے اس کے کہ کسی چیز کی تعداد بڑھائی گئی ہو لاگت میں کسی بھی قسم کے اضافہ کی اجازت نہ ہوگی۔

7- کامیاب ٹینڈر دہندہ مکمل طور پر ہر قسم کی ترسیلات بورڈ ہذا کے سٹورز تک پہنچانے اور وصول کروانے کا ذمہ دار ہوگا۔

8- ٹینڈر دہندگان کے لیے ضروری ہے کہ ٹینڈر دستاویزات میں نام، ٹائیٹل، رابطہ نمبر (موبائل، واٹس ایپ)، فیکس نمبر اور ای۔میل ایڈریس واضح طور پر ظاہر کرے۔جس کے ذریعے ٹینڈر مکمل ہونے تک خط وکتابت کی جا سکے۔

9- ٹینڈر ہذا کی کامیاب تکمیل یا کینسل ہونے کی صورت میں ٹینڈر اشیاء کی تیاری یا ترسیل کے سلسلہ میں ٹینڈر دہندہ کی طرف سے خرچ کردہ کسی بھی قسم کے اخراجات یا لاگت بارے بورڈ ذمہ دار نہ ہوگا۔

10- اشیاء/خدمات مقررہ وقت کے اندر فراہم نہ کرنے کی صورت میں ٹینڈر دستاویزات میں درج طریقہ کار کے مطابق جرمانہ وضروری کارروائی کی جائے گی۔

11- ٹینڈر ہذا بارے خط وکتابت کے لیے ابتدائی یا ثانوی رابطہ کار درج ذیل ہیں۔

دستخط ومہر فرم

ابتدائی رابطہ کار
ڈپٹی سیکرٹری سٹورز
055-9200787

ثانوی رابطہ کار
سیکرٹری
055-9200744

لفافہ جات کی تعداد ،تفصیل و تصریحات

کیٹیگری I (بائیوڈی گریڈایبل لفافہ جات)

نمبرشمار	اقسام لفافہ	تصریحات	تعداد
1	پولی تھین بائیو ڈی گریڈ ایبل لفافہ بمعہ پرنٹنگ	**Size :** 14"x16"+2" **Sheet:** 140 Micron minimum **Detail:** Black inside and White ouside **Printing:** Single colour printing on both sides as per office specimen **Flap:** 1" Adhasive German Glue used on Flap **(**as per sample**)** **Envelop Life** **Shelf Life:** 03 years **Open Air Life:** 06 Months	**1,10,000عدد** (50ہزارسبز+60ہزارسرخ)
2	پولی تھین بائیو ڈی گریڈ ایبل لفافہ بمعہ پرنٹنگ	**Size :** 9"x11"+1½" **Sheet:** 140 Micron minimum **Detail:** Black inside and White ouside **Printing:** Single colour printing on both sides as per office specimen **Flap:** 1" Adhasive German Glue used on Flap **(**as per sample**)** **Envelop Life** **Shelf Life:** 03 years **Open Air Life:** 06 Months	**45,000عدد** (20ہزارسبز+23ہزارسرخ+ 02ہزارسیاہ)
3	پولی تھین بائیو ڈی گریڈ ایبل لفافہ بمعہ پرنٹنگ	**Size :** 16"x20"+2" **Sheet:** 140 Micron minimum **Detail:** Black inside and White ouside **Printing:** Single colour printing on both sides as per office specimen **Flap:** 1" Adhasive German Glue used on Flap **(**as per sample**)** **Envelop Life** **Shelf Life:** 03 years **Open Air Life:** 06 Months	**20,000عدد** (10500سکائی بلیو +9500اورینج)
4	پولی تھین بائیو ڈی گریڈ ایبل لفافہ بمعہ پرنٹنگ	**Size :** 16½"x20½"+2½" **Sheet:** 140 Micron minimum **Detail:** Black inside and White ouside **Printing:** Single colour printing on both sides as per office specimen **Flap:** 1" Adhasive German Glue used on Flap **(**as per sample**)** **Envelop Life** **Shelf Life:** 03 years **Open Air Life:** 06 Months	**11,000عدد** (5ہزارسبز+6ہزارسرخ)

کیٹیگری II (لیمینیڈلفافہ جات)

نمبرشمار	اقسام لفافہ	تصریحات	تعداد
1	Laminated لفافہ سادہ سفید (خفیہ پریس)	Size of Envelop: 10" x 14½" +2½" Kraft Paper with pasting of Lamination on inner/non-glazed side. After Lamination the total GSM not less than 125 GSM	**30,000عدد**
2	Laminated لفافہ سادہ خاکی (خفیہ پریس)	Size of Envelop: 10" x 14½" +2½" Kraft Paper with pasting of Lamination on inner/non-glazed side. After Lamination the total GSM not less than 125 GSM	**50,000عدد**
3	Laminated خاکی بمعہ پرنٹنگ (AP)	Size of Envelop: 11" x 15" +2" Kraft Paper with pasting of Lamination on inner/non-glazed side. After Lamination the total GSM not less than 125 GSM with printing as per office specimen.	**60,000عدد**
4	Laminated خاکی بمعہ پرنٹنگ (RP)	Size of Envelop: 11" x 15" +2" Kraft Paper with pasting of Lamination on inner/non-glazed side. After Lamination the total GSM not less than 125 GSM with printing as per office specimen.	**1,00,000عدد**
5	Laminated خاکی بمعہ پرنٹنگ (ایوارڈلسٹ)	Size of Envelop: 7" x 12" +2" Kraft Paper with pasting of Lamination on inner/non-glazed side. After Lamination the total GSM not less than 125 GSM with printing as per office specimen.	**60,000عدد**

کیٹیگری III (پولی تھین بیگ)

نمبر شمار	اقسام لفافہ	تصریحات	تعداد
1	لفافہ پولی تھین بیگ (بمطابق دفتری نمونہ)	**Size of Envelop:** 12" x 19" + 3" **Weight per Envelop:** 20 Gram ±2 gram	**6000 Kg**

کیٹیگری IV (سادے + کپڑے والے لفافہ جات)

نمبر شمار	اقسام لفافہ	تصریحات	تعداد
1	درمیانہ لفافہ خاکی (خفیہ پریس)	**Size of Envelope:** 8¼"x10½"+1½" **Specification of Kraft Paper:** Grammage = 100GSM (minimum)	**20,000** عدد
2	لفافہ سادہ خاکی بمعہ پرنٹنگ (کاؤنٹر فائل)	**Size of Envelope:** 6"x12"+2" **Specification of Kraft Paper:** Grammage = 100GSM (minimum) Printing = As per office specimen	**5,000** عدد
3	سرٹیفکیٹ سائز خاکی بمعہ پرنٹنگ	**Size of Envelope:** 10" x 12" +1½" **Specification of Kraft Paper:** Grammage = 100GSM (minimum) Printing = As per office specimen	**2,00,000** عدد
4	لفافہ سادہ سفید (الف)	**Size of Envelope:** 7¼"x10¼"+1½" **Specification of Kraft Paper:** Grammage = 100GSM (minimum)	**3,000** عدد
5	لنگوٹ والا ململ والا سادہ سفید (ب)	**Size of Envelope:** 8"x11½"+1½" **Specification of White Kraft Paper:** Grammage = 100GSM minimum **Specification of Cloth:** Cloth: Malmal (Black Colour Cloth) End per inch: 40 Picks per Inch: 36 **(Total must be 76)** Weight: 55 GSM **Other Specifications:** Cloth must be pasted with Glue/Starch.	**2,500** عدد

دستخط و مہر فرم

عمومی شرائط برائے ٹینڈر دھندگان

1. ٹینڈر دہندہ فرموں، ڈیلرز، ملز اور سٹاکسٹس کے لیے ضروری ہے کہ وہ انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس رجسٹرڈ اور پروفیشنل ٹیکس گزار ہوں۔
2. ٹینڈر میں پیش کردہ نرخ 120 ایام کے لئے متصور ہونگے۔
3. ٹینڈر بغیر کانٹ چھانٹ اور غیر مشروط ہوں۔ ریٹ بمع ٹیکسز دیئے جائیں۔ تمام قسم کے ٹیکسز کی کٹوتی مروجہ قوانین کے مطابق کی جائے گی۔
4. ٹینڈر دہندگان کے لیے لازم ہے کہ وہ Estimated Price کے 5% کی بِڈ سیکورٹی پنجاب E-Procurement سسٹم کے تحت مذکورہ پورٹل پر اَپ لوڈ/ پراسس کریں۔ بِڈ سیکورٹی نہ ہونے کی صورت میں ٹینڈر مسترد کر دیا جائے گا۔
5. کامیاب ٹینڈر دہندہ کو ورک آرڈر جاری ہونے سے قبل ورک آرڈر کی کل مالیت کے 10% (دس فیصد) کی پرفارمنس گارنٹی پنجاب E-Procurement سسٹم کے تحت مذکورہ پورٹل پر اَپ لوڈ/ پراسس کرنا ہوگی اور ٹینڈر کی کل مالیت کے 0.25% کے حساب سے E-Stamp پیپرز برائے معاہدہ نرخ منظوری کے مراسلہ کے سات ایام کے اندر فراہم کرنا ہونگے۔
6. نرخ منظوری کے مراسلہ کے اجراء کی تاریخ سے سات ایام کے اندر اندر اشٹام پیپرز اور 10% پرفارمنس گارنٹی فراہم نہ کرنے کی صورت میں -/500 روپے یومیہ جرمانہ عائد کیا جائے گا جو فرم کے بل سے منہا کر لیا جائے گا۔ بیس ایام تک اشٹام پیپرز برائے معاہدہ اور 10% پرفارمنس گارنٹی فراہم نہ کرنے کی صورت میں فرم کی بِڈ سیکورٹی بھی ضبط کی جاسکتی ہے اور ٹینڈر کی منسوخی بھی ہوسکتی ہے۔
7. پرفارمنس گارنٹی، اشٹام پیپرز برائے معاہدہ کی فراہمی اور ورک آرڈر کے اجراء سے قبل نرخ منظوری کے مراسلہ کو ہی ورک آرڈر تصور کیا جائے گا اور سپلائی کی تاریخ بھی نرخ منظوری کے مراسلہ کے اجراء سے ہی شروع ہوگی۔
8. پنجاب E-Procurement سسٹم پر جاری شدہ ورک آرڈر اور بورڈ ہذا کی طرف سے جاری شدہ نرخ منظوری کے مراسلہ/ ورک آرڈر کی تواریخ میں فرق آسکتا ہے۔ تاہم سپلائی بارے حتمی تواریخ کا تعین بورڈ ہذا کی طرف سے جاری کردہ نرخ منظوری کے مراسلہ/ ورک آرڈر سے کیا جائے گا۔
9. سیکرٹری بورڈ ہذا فرم سے کم یا زیادہ تعداد میں خریداری کے مجاز ہونگے نیز کسی بھی آئیٹم کی خریداری کینسل بھی کی جاسکتی ہے۔
10. علاوہ ازیں ناکام ٹینڈر دہندگان یا کامیاب ٹینڈر دہندگان کی بِڈ سیکورٹی یا پرفارمنس سیکورٹی کی واپسی پنجاب E-Procurement سسٹم کے مجوزہ طریقہ کار کے تحت واپس کی جائے گی۔
11. PPRA رولز، ٹینڈر شرائط اور معاہدہ میں سے کسی شق کی خلاف ورزی یا غلط معلومات/ ڈاکومنٹس دینے اور کام میں مسلسل تاخیر کرنے کی صورت میں ٹھیکیدار/ فرم کو خرید کمیٹی کی سفارشات پر جرمانہ، بِڈ سیکورٹی/ پرفارمنس گارنٹی کی ضبطگی یا بمطابق پیپرا رولز بلیک لسٹ بھی کیا جاسکتا ہے۔
12. سیکرٹری بورڈ اور ٹھیکیدار کے درمیان اختلاف کی صورت میں چیئرپرسن بورڈ ہذا بمطابق پیپرا رول 68 بطور واحد ثالث فیصلہ کرنے کے مجاز ہونگے۔
13. کسی نالش کی صورت میں معاملہ گوجرانوالہ کی سول عدالت کے علاوہ کسی اور عدالت میں دائر نہیں کیا جائے گا۔
14. سیکرٹری بورڈ ہذا کو پنجاب پروکیورمنٹ قوانین 2014 کی شق نمبر 35 کے تحت یہ اختیار ہوگا کہ وہ تمام ٹینڈر مسترد کر دیں۔
15. مال سپلائی کیلئے بار برداری، لوڈنگ، ان لوڈنگ، انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس، پروفیشنل ٹیکس، یا کسی بھی اور قسم کے رائج الوقت ٹیکس (وفاقی/صوبائی) کی شرح میں تبدیلی (کمی/بیشی) رائج الوقت قوانین کے مطابق کامیاب ٹینڈر دہندہ کے ذمہ ہوگی۔
16. مال کی سپلائی دفتری اوقاتِ کار میں وصول کی جائے گی۔

دستخط و مہر فرم

خصوصی شرائط برائے ٹینڈر دھندگان

1. ٹینڈر دہندہ کو ٹیکنیکل پروپوزل کے ہمراہ کیٹیگری-I کے لیے دفتری تصریحات کے مطابق 140 مائیکرون کی تین (03) شیٹس ("x20"16 سائز) بطور نمونہ ٹینڈر کھلنے سے قبل بذریعہ کوریئر/ دستی بنام ڈپٹی سیکرٹری سٹورز فراہم کرنا لازم ہے۔
2. ٹینڈر دہندہ کو ٹیکنیکل پروپوزل کے ہمراہ کیٹیگری - II کے لیے دفتری تصریحات کے مطابق 125 گرام کرافٹ پیپر بمعہ لیمینیشن کی تین (03) شیٹس ("x23"18 سائز) بطور نمونہ ٹینڈر کھلنے سے قبل بذریعہ کوریئر/ دستی بنام ڈپٹی سیکرٹری سٹورز فراہم کرنا لازم ہے۔
3. ٹینڈر دہندہ کو ٹیکنیکل پروپوزل کے ہمراہ کیٹیگری -III کے لیے دفتری تصریحات کے مطابق تین (03) پولی تھین بیگ بطور نمونہ ٹینڈر کھلنے سے قبل بذریعہ کوریئر/ دستی بنام ڈپٹی سیکرٹری سٹورز فراہم کرنا لازم ہے۔
4. ٹینڈر دہندہ کو ٹیکنیکل پروپوزل کے ہمراہ کیٹیگری -IV کے لیے دفتری تصریحات کے مطابق 100 گرام کرافٹ پیپر کی تین (03) شیٹس ("x23"18 سائز)، 100 گرام سفید کرافٹ پیپر کی 03 شیٹس ("x23"18 سائز) بطور نمونہ ٹینڈر کھلنے سے قبل بذریعہ کوریئر/ دستی بنام ڈپٹی سیکرٹری سٹورز فراہم کرنا لازم ہے۔
5. کامیاب ٹینڈر دہندہ فرم ٹینڈر میں درج تصریحات کے مطابق سپلائی کرنے کی پابند ہوگی۔
6. کیٹیگری-I پولی تھین بائیوڈی گریڈ ایبل لفافہ جات کی تیاری کے لیے Pure میٹریل استعمال کیا جائے۔ ری سائیکل یا مکس میٹریل سے تیار شدہ لفافہ جات قابل قبول نہ ہوں گے۔
7. کیٹیگری-I پولی تھین ملٹی لیئر لفافہ جات کی پرنٹنگ دفتری نمونہ کے مطابق کرنا ہوگی نیز
   - i- آئیٹم نمبر 1 کی پرنٹنگ سنگل کلر ہوگی جبکہ 50,000 لفافہ کی پرنٹنگ سبز رنگ اور بقیہ 60,000 لفافہ کی پرنٹنگ سرخ رنگ کے ساتھ کی جائے۔
   - ii- آئیٹم نمبر 2 کی پرنٹنگ سنگل کلر ہوگی جبکہ 20,000 لفافہ کی پرنٹنگ سبز رنگ، 23,000 لفافہ کی پرنٹنگ سرخ رنگ اور 2,000 لفافہ کی پرنٹنگ سیاہ رنگ کے ساتھ کی جائے۔
   - iii- آئیٹم نمبر 3 کی پرنٹنگ سنگل کلر ہوگی جبکہ 10,500 لفافہ کی پرنٹنگ سکائی بلیو رنگ اور بقیہ 9,500 لفافہ کی پرنٹنگ اورینج رنگ کے ساتھ کی جائے۔
   - iv- آئیٹم نمبر 4 کی پرنٹنگ سنگل کلر ہوگی جبکہ 5,000 لفافہ کی پرنٹنگ سبز رنگ اور بقیہ 6,000 لفافہ کی پرنٹنگ سرخ رنگ کے ساتھ کی جائے۔
8. پولی تھین ملٹی لیئر لفافہ کی پیکنگ کے لیے کاٹن استعمال کیا جائے۔ کاٹن میں 100 لفافہ جات کے پانچ پیکٹ ہونے چاہئیں۔
9. کیٹیگری-II کے لیے 125 گرام کرافٹ پیپر بمع لیمینیشن جبکہ کیٹیگری-IV کے لفافہ جات کے لیے 100 گرام واٹر پروف گلیزڈ کرافٹ پیپر (آئیٹمز نمبر 1 تا 3) اور کیٹیگری-IV آئیٹم نمبر 4,5 کے لیے واٹر پروف گلیزڈ سفید کرافٹ پیپر استعمال کیا جائے گا۔
10. کیٹیگری-II سیریل نمبر 3 تا 5، کیٹیگری-IV سیریل نمبر 3,2 کے لفافہ جات کی طباعت (Printing) دفتری تصریحات/نمونہ کے مطابق کی جائے گی۔ لنگوٹ والے ململ والے لفافہ جات میں ململ ریڈ پک 40x36 استعمال کرنا ہوگی۔
11. کیٹیگری-II آئیٹم نمبر 1 کی لیمینیشن سیاہ رنگ جبکہ بقیہ آئیٹمز کی لیمینیشن سفید رنگ کی ہوگی۔
12. ململ والے لفافہ جات (کیٹیگری-IV سیریل نمبر 5) اور Laminated لفافہ جات (کیٹیگری-II) کا بنڈل 250 عدد اور سادے لفافہ جات (کیٹیگری-IV سیریل نمبر 1 تا 4) کا بنڈل 500 عدد لفافہ جات کا تیار کیا جائیگا۔
13. کیٹیگری-II سیریل نمبر 1,2 اور کیٹیگری-IV سیریل نمبر 3 کا درمیانی جوڑ "1 چڑھایا جائیگا۔
14. سپلائی سے پہلے لفافہ جات کے نمونہ جات دفتر سے منظور کروانا ہونگے۔
15. کیٹیگری-IV سیریل نمبر 4 اور 5 کے لفافہ جات کے لیے سفید کرافٹ پیپر استعمال کرنا ہوگا۔
16. ٹینڈر دہندہ تمام سپلائی یک مشت کرنے کا پابند ہوگا یا کم از کم جو بھی آئیٹم سپلائی کی جائے وہ یک مشت اور مکمل سپلائی کی جائے۔ کسی بھی آئیٹم کی سپلائی قسطوں میں قبول نہیں کی جائے گی۔
17. ململ والے لفافہ جات میں ململ کو جوڑنے کے لیے Glue/Starch استعمال کیا جائے۔
18. لفافہ جات کی ٹینڈر میں درج تصریحات کے مطابق چیکنگ کے لیے ہر کیٹیگری میں سے ہر آئیٹم کے Randomly نمونہ جات منتخب کیے جائیں گے جن کو لیبارٹری میں تصریحات کی چیکنگ کے لیے ارسال کیا جائے گا جس کے اخراجات بذمہ فرم ہوں گے۔ نیز تصریحات کی چیکنگ کروانے کے لیے نمونہ جات کی کم از کم تعداد 03 ہوگی۔
19. لفافہ جات کی ٹینڈر میں درج تصریحات کے مطابق چیکنگ PCSIR لیبارٹری، نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی یا کسی اور لیبارٹری سے کروائی جائے گی۔ جس کے اخراجات بذمہ فرم ہوں گے۔ سپلائی کردہ لفافہ جات کی تصریحات کے مطابق چیکنگ کرانے کے بعد بل کی 100% ادائیگی خرید کمیٹی کی سفارشات اور چیئرپرسن کی منظوری پر کی جائے گی۔

20. فراہم کردہ لفافہ جات کی تصریحات کا تعین نمونہ جات کے لیبارٹری سے پڑتال کروانے کے بعد مقررہ شدہ تصریحات کے اوسط معیار کے مطابق کیا جائے گا۔ ٹینڈر میں درج لفافہ جات کی تصریحات میں مقررہ مقداروں میں 5% تک کمی کی صورت میں لفافہ جات قابل قبول ہوں گے لیکن بل سے اُسی نسبت سے تمام سپلائی پر کٹوتی خرید کمیٹی کی سفارشات پر کی جائے گی اور کٹوتی کی رقم کے برابر حد تک جرمانہ بھی عائد کیا جا سکتا ہے۔ اگر فرم کو یہ صورت حال قبول نہ ہو تو تمام سامان تبدیل کرنا ہوگا۔

21. کامیاب ٹینڈر دہندہ کی پرفارمنس سیکورٹی تاریخ سپلائی سے 4 ماہ بعد فرم کی درخواست پر متعلقہ برانچوں کی طرف سے درست کارکردگی رپورٹ خرید کمیٹی کی سفارشات اور چیئرپرسن کی منظوری کے بعد پنجاب E-Procurement سسٹم کے مجوزہ طریقہ کار کے تحت واپس کی جائے گی۔

22. ٹینڈر دہندہ کے لیے لازم ہے کہ وہ جس کیٹیگری میں حصہ لے اس کی تمام آئیٹمز کے نرخ دے۔ اگر اس کیٹیگری میں کسی آئیٹم کا نرخ تحریر نہ کیا گیا تو اس کے نرخ کینسل تصور ہوں گے۔

23. ٹینڈر بذریعہ پنجاب E-Procurement سسٹم آن لائن ہی جمع/ Submit کیا جائے۔ نیز Technical Evaluation Criteria کے مطابق تمام دستاویزات پنجاب E-Procurement سسٹم پر منسلک/ اَپ لوڈ کرنا ہوں گے۔

دستخط و مہر فرم

فراہمی کے نظام الاوقات(Delivery Schedule)

1. کامیاب ٹینڈر دہندہ کو نرخ منظوری کے مراسلہ کے اجراء سے کیٹیگری-I اور III کے لفافہ جات کی سپلائی 35 ایام جبکہ کیٹیگری-II اور IV کے لفافہ جات کی سپلائی 45 ایام کے اندر اندر دفتر ہذا کے کیمپس لوہیانوالہ گوجرانوالہ میں فراہم کرنا ہوگی۔ فرم تمام سپلائی دفتری اوقات کار میں بورڈ کے سٹورز تک پہنچانے اور وصول کروانے کی پابند ہوگی۔
2. سپلائی کا کچھ حصہ بھی باقی رہنے پر تاخیر تمام سپلائی پر تصور ہوگی۔
3. (i) کیٹیگری-I، II اور III کی سپلائی میں تاخیر کی صورت میں بورڈ ہذا 3,000 روپے یومیہ جرمانہ عائد کرے گا۔ جبکہ تاخیر 15 ایام سے زائد ہونے کی صورت میں فی یوم جرمانہ 5,000 روپے عائد کیا جائے گا۔

(ii) کیٹیگری-IV کی سپلائی میں تاخیر کی صورت میں بورڈ ہذا 2,000 روپے یومیہ جرمانہ عائد کرے گا۔ جبکہ تاخیر 15 ایام سے زائد ہونے کی صورت میں فی یوم جرمانہ 3,000 روپے عائد کیا جائے گا۔

4. ناگزیر حالات کی صورت میں سپلائی کے دورانیہ میں توسیع/تاخیر کی معافی کے لیے کامیاب ٹینڈر دہندہ درخواست گزار سکے گا جس پر چیئرپرسن بورڈ ہذا خرید کمیٹی کی سفارشات کے بعد فیصلہ کرینگے۔
5. تاریخ تکمیل کے 30 ایام کے بعد بھی سپلائی مکمل نہ کرنے کی صورت میں ٹینڈر دہندہ کی سپلائی میں ناکامی تصور کی جائے گی۔ سپلائی میں ناکامی کی صورت میں بورڈ ہذا کامیاب ٹینڈر دہندہ کے خرچہ و ہرجہ (Risk & Cost) پر خریداری/کام مکمل کروانے کا بندوبست کرسکتا ہے جس کی تمام تر ذمہ داری کامیاب ٹینڈر دہندہ پر ہوگی۔ ایسی صورت میں تمام نقصان متعلقہ ٹھیکیدار سے پورا کیا جائے گا۔
6. مزید برآں تاریخ تکمیل کے بعد 30 ایام کا عرصہ گزرنے کے بعد سپلائی شروع نہ کرنے کی صورت میں پیپرا رولز کی شق نمبر 21(1)a,b,c کے تحت کارروائی عمل میں لائی جاسکتی ہے۔

دستخط و مہر فرم

کمیٹی برائے ازالہ شکایات(Redressal Grievances Committee)

1. ٹینڈر دہنگان کی شکایات کے ازالہ کے لیے ایک آزاد کمیٹی برائے ازالہ شکایات تشکیل دی گئی ہے ایسی کسی بھی صورت حال میں Technical Evaluation Report کے اجراء کی تاریخ سے پانچ ایام کے اندر اور Final Evaluation Report کے اجراء کی تاریخ سے دس ایام کے اندر اندر بمطابق پیپرا رول نمبر 67(3) Redressal Grievances Committee کو پنجاب E-Procurement پورٹل پر عرضداشت پیش کی جاسکتی ہے۔ یہ کمیٹی فریقین کا موقف سننے کے بعد جملہ متنازعہ امور کا فیصلہ بمطابق پیپرا رول 67(5) پندرہ دن کے اندر کرے گی۔
2. پیپرا رول 67(4) کے مطابق ٹینڈر دہندگان فنانشل پرپوزل کھلنے سے پہلے تک پنجاب E-Procurement پورٹل پر Grievances Petition داخل کر سکتے ہیں۔ فنانشل پروپوزل کھلنے کے بعد ٹیکنیکل گراؤنڈ پر کوئی Petition داخل نہ کی جاسکے گی اس کے بعد صرف فنانشل امور پر Petition داخل کی جاسکتی ہے۔

سرٹیفیکیٹ از ٹینڈر دھندہ فرم:

اس امر کی تصدیق کی جاتی ہے کہ تمام ٹینڈر دستاویزات جو کہ صفحہ نمبر 1 تا 18 پر مشتمل ہیں کا بغور مطالعہ کرلیا ہے اور ان سے مکمل اتفاق ہے نیز ان کی پابندی کی جائے گی۔ ٹینڈر دینے سے قبل فرم نے تسلی کر لی ہے کہ مطلوبہ سامان مقررہ تواریخ میں فراہمی کا بندوبست کرلیا گیا ہے اور بجلی، گیس کی لوڈ شیڈنگ، آمدورفت کے معاملات اور مشینوں کی خرابی وغیرہ سپلائی کے شیڈول پر اثر انداز نہ ہوگی۔ نیز فرم کے مالک یا اس کے کسی ملازم کی ذاتی زندگی کے معاملات بیماری، حادثہ، مقدمہ وغیرہ کے سلسلہ میں شیڈول میں کسی قسم کی کوئی رعائت نہ ہوگی۔

دستخط و مہر فرم

ٹیکنیکل ایویلوایشن کا طریقہ کار برائے کیٹیگری-I تا IV

1- ٹینڈر دہندگان کے لیے لازم ہے کہ وہ انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس رجسٹرڈ ہوں۔ سروسز کی فراہمی یا ایسی خدمات واشیاء جن پر پنجاب ریونیو اتھارٹی سے عائد کردہ ٹیکس لاگو ہیں ان سے رجسٹرڈ ہونا بھی ضروری ہے۔ کوئی بھی فرم/کمپنی یا سول پروپرائٹر اگر رجسٹرڈ نہ ہوا تو وہ ٹینڈر میں شمولیت اختیار کرنے کا اہل نہ ہے۔

2- ایسے ٹینڈر دہندگان جو شق نمبر 1 کے تحت رجسٹرڈ ہیں لیکن پروفیشنل ٹیکس ادا نہیں کر رہے ان کے لیے لازم ہوگا کہ وہ ورک آرڈر جاری ہونے سے قبل رجسٹریشن کروائیں۔

3- ٹیکنیکل پروپورزل کے ہمراہ خصوصی شرائط کی شق نمبر 1 تا 4 کے مطابق نمونہ جات جن پر فرمز کے دستخط و مہر ثبت ہوں فراہم کرنا لازم ہے۔

4- درج ذیل امور میں مقرر کردہ نمبروں میں سے حاصل کردہ نمبروں کی بنیاد پر ٹیکنیکل ایویلوایشن کا معیار مقرر کیا گیا ہے، 70% سے زائد حاصل کردہ نمبرز والے ٹینڈر دہندگان کی فنانشل پروپوزلز کھولی جائیں گی۔

سیریل نمبر	تفصیل	مقررہ نمبر
1	کیٹیگری-I میں حصہ لینے کے لیے دفتری تصریحات کے مطابق 140 مائیکرون کی شیٹس کے نمونہ جات منسلک کریں۔ کیٹیگری-II میں حصہ لینے کے لیے دفتری تصریحات کے مطابق 125 گرام کرافٹ پیپر بمع لیمینیشن کے نمونہ جات منسلک کریں۔ کیٹیگری-III میں حصہ لینے کے لیے دفتری تصریحات کے مطابق پولی تھین بیگ کے نمونہ جات منسلک کریں۔ کیٹیگری-IV میں حصہ لینے کے لیے دفتری تصریحات کے مطابق 100 گرام کرافٹ پیپر اور 100 گرام سفید کرافٹ پیپر کے نمونہ جات منسلک کریں۔ **نوٹ:۔ ہر کیٹیگری کے لیے فراہم کردہ نمونہ جات دفتری تصریحات کے مطابق ہونے پر ہی 34 نمبر دیئے جائیں گے جبکہ نمونہ جات دفتری تصریحات کے مطابق نہ ہونے پر 0 نمبر دیا جائے گا۔**	34
2	اسی طرح کے کاموں کی تفصیل فی سال 11 نمبر (ورک آرڈرز کی کاپیاں)	33
3	سالانہ ٹرن اوور کم از کم رقم 50 لاکھ فی سال 11 نمبر (بینک کی طرف سے جاری کردہ سرٹیفکیٹ لف کریں بینک سٹیٹمنٹ قابل قبول نہ ہوں گی)	33

نوٹ:۔ ہر کیٹیگری کے کل نمبر 100 ہیں۔

پیش کش/بڈ کی منظوری کا طریقہ کار

1- صرف Responsive بڈرز/ٹینڈر دہندگان جو کہ مندرجہ بالا طریقہ کار پر پورے اتریں گے اُن کی فنانشل پروپوزلز کھولی جائیں گی۔

2- Responsive بڈر/ٹینڈر دہندہ جس کے نرخ کیٹیگری وائز کم ترین (Accumulative / Overall) ہوں گے اس کو ٹینڈر الاٹ کیا جائے گا۔

دستخط و مہر فرم

بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ،گوجرانوالہ

ٹینڈر نمبر: **3086** سٹورز　　ٹینڈر کھولنے کی تاریخ: **21-11-2026**

''ٹیکنیکل پروپوزل A'' بابت خرید لفافہ جات (کیٹیگری-I تا IV)

نام فرم:---------- پتہ:----------

ای۔میل ایڈریس:---------- ٹیلی فون نمبر:---------- موبائل نمبر:----------

کیٹیگری I (بائیوڈی گریڈ ایبل لفافہ جات)

نمبر شمار	اقسام لفافہ	سائز لفافہ	تعداد	Quoted/Not-Quoted
1	پولی تھین بائیوڈی گریڈ ایبل لفافہ بمعہ پرنٹنگ	14"x16"+2"	**1,10,000** عدد (50 ہزار سبز +60 ہزار سرخ)	
2	پولی تھین بائیوڈی گریڈ ایبل لفافہ بمعہ پرنٹنگ	9"x11"+1½"	**45,000** عدد (20 ہزار سبز +23 ہزار سرخ +2 ہزار سیاہ)	
3	پولی تھین بائیوڈی گریڈ ایبل لفافہ بمعہ پرنٹنگ	16"x20"+2"	**20,000** عدد (10500 سکائی بلیو +9500 اورینج)	
4	پولی تھین بائیوڈی گریڈ ایبل لفافہ بمعہ پرنٹنگ	16½"x20½"+2½"	**11,000** عدد (5 ہزار سبز +6 ہزار سرخ)	

کیٹیگری II (لیمینیڈ لفافہ جات)

نمبر شمار	اقسام لفافہ	سائز لفافہ	تعداد	Qouted/Not-Quoted
1	Laminated لفافہ سادہ سفید (خفیہ پریس)	10"x14½"+2½"	30,000 عدد	
2	Laminated لفافہ سادہ خاکی (خفیہ پریس)	10"x14½"+2½"	50,000 عدد	
3	Laminated خاکی بمعہ پرنٹنگ (AP)	11"x15"+2"	60,000 عدد	
4	Laminated خاکی بمعہ پرنٹنگ (RP)	11"x15"+2"	1,00,000 عدد	
5	Laminated خاکی بمعہ پرنٹنگ (ایوارڈ لسٹ)	7"x12"+2"	60,000 عدد	

کیٹیگری III (پولی تھین بیگ)

نمبر شمار	اقسام لفافہ	سائز لفافہ	تعداد	Quoted/Not-Quoted
1	لفافہ پولی تھین بیگ (بمطابق دفتری نمونہ)	12"x19"+3"	6000 Kg	

کیٹیگری IV (سادے لفافہ جات + کپڑے والے لفافہ جات)

نمبر شمار	اقسام لفافہ	سائز لفافہ	تعداد	Quoted/Not-Quoted
1	درمیانہ لفافہ خاکی (خفیہ پریس)	8¼"x10½"+1½"	20,000 عدد	
2	لفافہ سادہ خاکی بمعہ پرنٹنگ (کاؤنٹر فائل)	6"x12"+2"	5,000 عدد	
3	سرٹیفکیٹ سائز خاکی بمعہ پرنٹنگ	10"x12"+1½"	2,00,000 عدد	
4	لفافہ سادہ سفید (الف)	7¼"x10¼"+1½"	3,000 عدد	
5	لنگوٹ والا ململ والا سادہ سفید (ب)	8"x11½"+1½"	2,500 عدد	

سرٹیفکیٹ:

اس امر کی تصدیق کی جاتی ہے کہ

1 ٹینڈر شرائط (عمومی و خصوصی اور ڈلیوری شیڈول) کا بغور مطالعہ کر لیا ہے اور ان سے مکمل اتفاق ہے نیز ان کی پابندی کی جائے گی۔

2 ہم نے دفتر کی طرف سے مشتہر کردہ تصریحات وشرائط کے مطابق لفافہ جات کے نرخ دیئے ہیں۔

3 صفحہ نمبر 11 پر موجود Evaluation Criteria کے مطابق مطلوبہ کاغذات ونمونہ جات فراہم کر دیے ہیں بصورت دیگر اگر ہمارا ٹینڈر مقابلہ میں شامل نہ کیا گیا تو ہمیں کوئی اعتراض نہ ہوگا۔

4 ٹینڈر میں پیش کردہ نرخوں کی معیاد ٹینڈر کی عمومی شرائط کی شق نمبر 2 کے مطابق 120 دن کے لیے متصور ہوں گے۔

بڈ سیکورٹی

کیٹیگری/لاٹ نمبر	PSID	مورخہ	مالیت
1			
2			
3			
4			

دستخط ومہر فرم

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ،گوجرانوالہ

ٹینڈر نمبر: **3086** سٹورز ٹینڈر کھولنے کی تاریخ: **21-11-2026**

''فنانشل پروپوزل B'' بابت خرید لفافہ جات کیٹیگری-I (بائیوڈی گریڈ ایبل لفافہ جات)

نام فرم:۔۔۔

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ،گوجرانوالہ

ٹینڈر نمبر: **3086** سٹورز　　ٹینڈر کھولنے کی تاریخ: **21-11-2026**

''فنانشل پروزل B'' بابت خرید لفافہ جات کیٹیگری-II (Laminited لفافہ جات)

نام فرم:----------پتہ:----------

ای۔میل ایڈریس:----------ٹیلی فون نمبر:----------موبائل نمبر:----------

کیٹیگری II (لیمینیٹڈ لفافہ جات)

نمبر شمار	اقسام لفافہ	سائز لفافہ	تعداد	نرخ فی عدد	مالیت
1	Laminated لفافہ سادہ سفید (خفیہ پریس)	10"x14½"+2½"	30,000 عدد		
2	Laminated لفافہ سادہ خاکی (خفیہ پریس)	10"x14½"+2½"	50,000 عدد		
3	Laminated خاکی بمعہ پرنٹنگ (AP)	11"x15"+2"	60,000 عدد		
4	Laminated خاکی بمعہ پرنٹنگ (RP)	11"x15"+2"	1,00,000 عدد		
5	Laminated خاکی بمعہ پرنٹنگ (ایوارڈلسٹ)	7"x12"+2"	60,000 عدد		
				ٹوٹل	

سرٹیفکیٹ:

اس امر کی تصدیق کی جاتی ہے کہ

1 ٹینڈر شرائط (عمومی وخصوصی اور ڈلیوری شیڈول) کا بغور مطالعہ کرلیا ہے اور ان سے مکمل اتفاق ہے نیز ان کی پابندی کی جائے گی۔

2 ہم نے دفتر کی طرف سے مشتہر کردہ تصریحات وشرائط کے مطابق لفافہ جات کے نرخ دیئے ہیں۔ دفتر کو اہلیت کے ضمن میں درکار تمام کاغذات فراہم کردیے ہیں۔ بصورت دیگر اگر ہمارا ٹینڈر مقابلہ میں شامل نہ کیا گیا تو ہمیں کوئی اعتراض نہ ہوگا۔

3 ٹینڈر دہندہ کیلئے لازم ہے کہ وہ نرخ بشمول تمام ٹیکسز دیں۔ نیز انکم ٹیکس ، پروفیشنل ٹیکس ،سیلز ٹیکس اور دیگر کسی بھی قسم کے رائج الوقت ٹیکس (صوبائی/ وفاقی) کی ادائیگی بذمہ فرم ہوگی۔

نوٹ: نرخ بمعہ ٹیکسز واضح اور بغیر کانٹ چھانٹ کے تحریر کریں۔

بڈ سیکورٹی

کیٹیگری/لاٹ نمبر	PSID	مورخہ	مالیت
2			

دستخط ومہر فرم

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ،گوجرانوالہ

ٹینڈر نمبر: **3086** سٹورز　　ٹینڈر کھولنے کی تاریخ: **21-11-2026**

''فنانشل پروپوزل B'' بابت خرید لفافہ جات کیٹیگری-III (پولی تھین بیگ)

نام فرم:----------پتہ:----------

ای۔میل ایڈریس:----------ٹیلی فون نمبر:----------موبائل نمبر:----------

کیٹیگری III (پولی تھین بیگ)

نمبر شمار	اقسام لفافہ	سائز لفافہ	تعداد	نرخ فی کلوگرام	مالیت
1	لفافہ پولی تھین بیگ (بمطابق دفتری نمونہ)	12" x 19" + 3"	6000 Kg		

سرٹیفکیٹ:

اس امر کی تصدیق کی جاتی ہے کہ

1 ٹینڈر شرائط (عمومی وخصوصی اور ڈلیوری شیڈول) کا بغور مطالعہ کرلیا ہے اور ان سے مکمل اتفاق ہے نیز ان کی پابندی کی جائے گی۔

2 ہم نے دفتر کی طرف سے مشتہر کردہ تصریحات وشرائط کے مطابق لفافہ جات کے نرخ دیئے ہیں۔ دفتر کو اہلیت کے ضمن میں درکار تمام کاغذات فراہم کردیے ہیں۔ بصورت دیگر اگر ہمارا ٹینڈر مقابلہ میں شامل نہ کیا گیا تو ہمیں کوئی اعتراض نہ ہوگا۔

3 ٹینڈر دہندہ کیلئے لازم ہے کہ وہ نرخ بشمول تمام ٹیکسز دیں۔ نیز انکم ٹیکس، پروفیشنل ٹیکس، سیلز ٹیکس اور دیگر کسی بھی قسم کے رائج الوقت ٹیکس (صوبائی/ وفاقی) کی ادائیگی بذمہ فرم ہوگی۔

نوٹ: نرخ بمعہ ٹیکسز واضح اور بغیر کانٹ چھانٹ کے تحریر کریں۔

بڈ سیکورٹی

کیٹیگری/لاٹ نمبر	PSID	مورخہ	مالیت
3			

دستخط ومہر فرم

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ،گوجرانوالہ

ٹینڈر نمبر: **3086** سٹورز　　ٹینڈر کھولنے کی تاریخ: **21-11-2026**

''فنانشل پروپوزل B'' بابت خرید لفافہ جات کیٹیگری-IV (سادے + کپڑے والے لفافہ جات)

نام فرم:----------پتہ:----------

ای۔میل ایڈریس:----------ٹیلی فون نمبر:----------موبائل نمبر:----------

کیٹیگری IV (سادے لفافہ جات + کپڑے والے لفافہ جات)

نمبر شمار	اقسام لفافہ	سائز لفافہ	تعداد	نرخ فی عدد	مالیت
1	درمیانہ لفافہ خاکی (خفیہ پریس)	8¼"x10½"+1½"	20,000 عدد		
2	لفافہ سادہ خاکی بمعہ پرنٹنگ (کاؤنٹر فائل)	6"x12"+2"	5,000 عدد		
3	سرٹیفکیٹ سائز خاکی بمعہ پرنٹنگ	10"x12"+1½"	2,00,000 عدد		
4	لفافہ سادہ سفید (الف)	7¼"x10¼"+1½"	3,000 عدد		
5	لنگوٹ والا ململ والا سادہ سفید (ب)	8"x11½"+1½"	2,500 عدد		
				ٹوٹل	

سرٹیفکیٹ:

اس امر کی تصدیق کی جاتی ہے کہ

1 ٹینڈر شرائط (عمومی وخصوصی اور ڈلیوری شیڈول) کا بغور مطالعہ کرلیا ہے اور ان سے مکمل اتفاق ہے نیز ان کی پابندی کی جائے گی۔

2 ہم نے دفتر کی طرف سے مشتہر کردہ تصریحات وشرائط کے مطابق لفافہ جات کے نرخ دیئے ہیں۔ دفتر کو اہلیت کے ضمن میں درکار تمام کاغذات فراہم کردیے ہیں۔ بصورت دیگر اگر ہمارا ٹینڈر مقابلہ میں شامل نہ کیا گیا تو ہمیں کوئی اعتراض نہ ہوگا۔

3 ٹینڈر دہندہ کیلئے لازم ہے کہ وہ نرخ بشمول تمام ٹیکسز دیں۔ نیز انکم ٹیکس، پروفیشنل ٹیکس، سیلز ٹیکس اور دیگر کسی بھی قسم کے رائج الوقت ٹیکس (صوبائی/وفاقی) کی ادائیگی بذمہ فرم ہوگی۔

نوٹ: نرخ بمعہ ٹیکسز واضح اور بغیر کانٹ چھانٹ کے تحریر کریں۔

بڈ سیکورٹی

کیٹیگری/لاٹ نمبر	PSID	مورخہ	مالیت
4			

دستخط ومہر فرم

معاہدہ

یہ معاہدہ مورخہ۔۔۔۔۔۔۔کو جناب سیکرٹری ، بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، گوجرانوالہ (جسے بعد میں یہاں خریدار لکھا جائے گا)اور میسرز۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(جسے بعد میں یہاں فراہم کنندہ لکھا جائے گا) کے درمیان طے پایا۔

جبکہ خریدار نے سامان/ اشیاء جن کی تفصیل درج ذیل ہے خریدنے کے لیے پیش کش/ٹینڈر جاری کیا اور فراہم کنندہ/ٹھیکیدار نے جو نرخ پیش کیے وہ مبلغ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(ٹینڈر کی کل مالیت) خریدار نے قبول کر لیے ہیں۔

نمبر شمار	نام آئٹم	تصریحات	تعداد	نرخ فی عدد	مالیت
1					

اب یہ معاہدہ درج ذیل طور پر طے پایا:۔

1- اس معاہدہ میں الفاظ اور ان کی وضاحت من وعن اسی طرح ہوگی جس طرح سے ان کا ذکر معاہدہ کی شرائط میں طے کیا گیا ہے۔

2- درج ذیل دستاویزات اس معاہدہ کے سلسلہ میں مرتب ہیں اور یہ طے کیا جاتا ہے کہ وہ اس معاہدہ کا حصہ ہیں۔

i. ٹینڈر ڈنوٹس/ فارم اور ٹھیکیدار کی جانب سے فراہم کردہ نرخ/ فنانشل پروپوزل۔

ii. اشیاء کی تفصیل/تصریحات وتعداد۔

iii. تمام فنی تصریحات/ٹیکنیکل پروپوزل۔

iv. تمام عمومی شرائط۔

v. تمام خصوصی شرائط۔

vi. فراہمی کے نظام الاوقات

vii. تفصیل بابت کمیٹی برائے ازالہ شکایات

viii. نرخوں کی منظوری کی چٹھی اور ورک آرڈر۔

ix. دفتر کی جانب سے کی جانے والی خط وکتابت۔

x. پیپرا رولز 2014 (With all amendments upto date)

3- ٹھیکیدار/فراہم کنندہ خریدار کی جانب سے ادائیگیوں کو مدنظر رکھتے ہوئے خریدار کو متذکرہ بالا اشیاء بمطابق معاہدہ بلانقص فراہم کرے گا۔

4- خریدار سامان کی سپلائی اور اس میں کوتاہیوں کے حل کو پیش نظر رکھتے ہوئے فراہم کنندہ کو معاہدہ کے مطابق وقت اور طریق کار کے تحت رقوم کی ادائیگی کرے گا۔

یہ معاہدہ متعلقین مذکور/ بااختیار نمائندگان کے درمیان مذکور بالا تاریخ کے مطابق طے پایا۔

دستخط و مہر خریدار

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

دستخط و مہر ٹھیکیدار/فرم

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔